2

## مَعَ اسْمِ اللّٰہِ الْمَلِکِ السَّلٰمِ

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ صَلِّ سَرْمَدًا وَّسَلِّمْ سَلَامًا دَائِمًا عَلٰی مَوْلَائِیْ حَامِلِ لِوَائِکَ الْحَمْدِ ○ اِسْمُہٗ حَامِدٌ وَّ مَمْدُوْحِکَ وَاَصْلِ کُلِّ عَالَمِکَ وَ اِمَامِ کُلِّ عَالَمِکَ ○ وَمُعْطِیِ الْاٰئِکَ وَلَمْعِ الْھُدٰی وَھُوَ وُدُّکَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ○ وَصَارَ وَالِدُہٗ اَلْمَعَ الْوَالِدِ وَ اُمُّہٗ اَلْمَعَ الْاُمِّ وَاٰلُہٗ اَلْمَعَ الْاٰلِ وَعَلٰی وَالِدِہٖ وَاُمِّہٖ وَاٰلِہٖ وَالْمَوْلٰی عَلِیٍّ وَّوَلَدَیْ عَلِیٍّ وَّاُمِّھِمَا ○ وَمُحْیِ الْاِسْلَامِ وَاٰلِہٖ وَوَالِیْ الْاِسْلَامِ وَاٰلِہٖ وَاَحْمَدَ وَلِیِّ اللّٰہِ وَحَوَارِیِّ وَلِیِّ اللّٰہِ وَاٰلِہٖ وَکُلِّ اُمَمِ رَسُوْلِ اللّٰہِ کُلَّ عَدَدِ اَسْرَارِ اللّٰہِ کُلَّ الْحَالِ ○

3

**مراد:** اللہ کے اسم کے سہارے کہ وہی مالک وسلامتی والا ہے اے ہمارے اللہ سارا حمد اللہ ہی کے لئے ہے، واحد اللہ ہی الٰہ ہے سرمدی درود اور دائمی سلام ہمارے مولیٰ لواء حمد کے حامل کے لئے ہو کہ اس کا اسم حامد ہے اور (درود وسلام) اللہ کے ممدوح کے لئے ہو، اللہ کے سارے عالم کی اصل کے لئے ہو اور سارے عالم کے امام کے لئے ہو اور اللہ کی عطاؤں کے معطی کے لئے ہو اور راہِ ہدیٰ کی دمک کے لئے ہو اور وہ اللہ کا ودود محمد ﷺ اللہ کا رسول ہے اور اس رسول کے والد دمک والے ہوئے سارے والد سے اور ماں ساری ماؤں سے اور آل واولاد سارے آل واولاد سے اور (درود وسلام) اس رسول کے والد کے لئے ہو اور ماں کے لئے ہو اور آل کے لئے ہو، مولیٰ علی کے لئے ہو، مولیٰ علی کے لاڈلوں کے لئے ہو اور مولیٰ علی کے لاڈلوں کی والدہ کے لئے ہو، اسلام کے محی کے لئے ہو اور آل کے لئے ہو، اسلام کے مددگار کے لئے ہو اور آل کے لئے ہو اور احمد ولی اللہ کے لئے ہو اور ولی اللہ کے ہم دموں کے لئے ہو اور آل کے لئے ہو، اللہ کے رسول کی ساری امم کے لئے ہو ہر دم مع عدد اسرار الٰہی کے۔

4

**توضیحی ترجمہ:**

اللہ کے اسم کے ساتھ جو مالک ہے سلامتی دینے والا ہے اے ہمارے اللہ تیرے ہی لئے تمام تعریف ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں تو بھیج خوب خوب سرمدی درود اور دائمی سلام ہمارے مولیٰ تیرے حمد کا جھنڈا اٹھانے والے پر جن کا اسم پاک ''خوب اللہ کی تعریف کرنے والا'' ہے اور تیرے تعریف کئے ہوئے پر اور تیرے سارے جہان کی جان پر اور تیرے سارے جہان کے پیشوا پر تیری نعمتوں کے عطا کرنے والے پر اور ہدایت کے نور پر اور وہ تیری محبت محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں کہ جن کے والد (سیدنا عبداللہ رضی اللہ عنہ) تمام والد میں سب سے زیادہ دمک والے ہیں اور جن کی ماں (بی بی آمنہ رضی اللہ عنہا) تمام ماؤں میں سب سے زیادہ دمک والی ہیں اور جن کی آل واولاد تمام آل واولاد میں سب سے زیادہ دمک والے ہیں اور (درود وسلام نازل ہو) آپ ﷺ کے والد پر اور آپ ﷺ کی والدہ پر اور آل پر، حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہ پر اور مولیٰ علی کے دونوں لاڈلوں امام حسن وامام حسین علیہما السلام پر اور حسنین کریمین کی والدہ

5

خاتون جنت سیدہ بی بی فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا پر اور دین کے زندہ کرنے والے محی الدین سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ پر آپ کی آل پر اور دین کے مددگار خواجہ معین الدین حسن سنجری پر آپ کی آل پر اور حضرت مخدوم سید احمد ولی اللہ پر، آپ کے اصحاب روحانی پر اور آل پر اور اللہ کے رسول کے سارے امتیوں پر ہر دم اسرار الٰہی کی تعداد کے مطابق۔

### فضیلت سلام محمدی ﷺ چہل میم غیر منقوط

جو شخص اس درود کو روزانہ ۵/۱۱/۱۰۰ بار پڑھنے کا اپنا معمول بنائے گا اسے اللہ ورسول کی خوشنودی حاصل ہوگی اور اس کی ہر حاجت پوری ہوگی وہ ہر دشمن اور ہر حاسد سے محفوظ ہوجائے گا اور زمرۂ صلحا میں اس کا شمار ہوگا نیز اسے اہل بیت کی شفقت ومحبت حاصل ہوگی اور ان کا دیدار نصیب ہوگا ایمان پر خاتمہ ہوگا اور وہ نفس مزکی وقلب مصفی وروح متجلی کی نعمت سے بہرہ مند ہوگا اور وہ عذاب دہر وقبر وحشر سے محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔